بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عورت کے کفن سے متعلق چند امور کا حکم

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عورت کو کفن دیتے وقت سینہ بند کس کپڑے کے بعد باندھا جاتا ہے؟ اور آج کل عورت کے کفن میں چھٹا کپڑا؛ شلوار بھی ہوتی ہے۔ اس کا باندھنا کیسا ہے؟ تفصیل سے جواب ارشاد فرمائیں! شکریہ

**سائل: محمد حماد اعظم، کشمیر**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

1: عورت کو کفن دینے کے لیے سب سے پہلے لفافہ (سر سے پاؤں تک کی چادر) بچھا دیں۔ اس کے بعد اس پر سینہ بند بچھائیں اور پھر اس کے اوپر ازار (بغیر آستین اور کلی کے ایسا کرتہ جو گردن سے پاؤں تک ہو) بچھائیں۔ اس ترتیب سے سینہ بند؛ ازار سے اوپر اور لفافہ کے نیچے ہو گا۔

2: عورت کے کفن میں شلوار نہیں ہوتی۔ اس لیے شلوار پہنانا خلافِ سنت ہے۔ جن علاقوں میں یہ رواج ہو وہاں حکمت کے ساتھ اس کی تردید کی جائے۔

**واللہ اعلم بالصواب**

محمد الیاس گھمن

**3-اپریل 2021ء**